Nov-Dec 2022

# تحفظ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ

## خدمت اور اعتماد کے 50 سال

### اہم خبریں


کراچی میں اسٹیٹ لائف کے 50 سال مکمل ہونے پر پروقار تقریب
چیئرمین اسٹیٹ لائف شعیب جاوید حسین کی شرکت

---

لاہور میں اسٹیٹ لائف کنونشن کا انعقاد، ساؤتھ،
حیدرآباد، نارتھ، کے پی کے ریجن بیمہ کاروں کی شرکت

---

اسٹیٹ لائف خیبر پختونخواہ ریجن
میں زونل ہیڈز کا اجلاس



گئی، جنہوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا۔ افتتاحی اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ خطبہ استقبالیہ جناب خالد محمود شاہد ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں آج اس موقع پر تمام کنونشن کوالیفائر کو کنونشن میں شرکت کرنے اور کامیاب ہونے پر دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور لاہور میں خوش آمدید کہتا ہوں۔ انہوں نے اس موقع پر کارپوریشن میں ہونے والی ترقی پر اظہار خیال کیا۔ انہوں نے جناب چیئرمین شعیب جاوید حسین کے ان اقدامات پر تفصیلی روشنی ڈالی جسے بیمہ اور بیمہ کارکنان دونوں کو بھرپور فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا پچھلے ایک سال کے دوران جناب چیئرمین کی قیادت میں کارپوریشن نے بھرپور ترقی کی ہے پچھلے سال کے اپنے تمام اہداف ریکارڈ طریقے سے حاصل کیے




ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے کارپوریشن کی مارکیٹنگ فورس کو ان کی عمدہ کارکردگی پر مبارکباد پیش کی اور اس موقع پر انہوں نے چیئرمین جناب شعیب جاوید حسین کو مارکیٹنگ فورس



کی طرف سے یقین دلایا کہ انشاءاللہ رواں سال ہم اپنے نئے پریمیم کے پچھلے تمام ریکارڈ توڑ دیں گے، جناب خالد محمود شاہد نے کنونشن کے باضابطہ شروع ہونے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کی انتظامیہ نے آپ کے لیے لاہور میں قیام کے دوران بھرپور انتظام کیا ہے تاکہ آپ لوگ جب یہاں سے جائیں تو اپنے دوستوں کو بھی اس کے بارے میں بتائیں اور انہیں بھی کنونشن کوالیفائی کرنے کیلئے راغب کریں، کنونشن کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین جناب شعیب جاوید حسین نے کنونشن کوالیفائی کرنے پر تمام کوالیفائرز کو خراج تحسین پیش کیا۔

انہوں نے کہا کہ آج آپ سے مخاطب ہوتے ہوئے میرا دل خوشی سے معمور اور سر فخر سے بلند ہے کہ آپ نے ادارے کے باقی ساتھیوں کے ساتھ مل کر وہ کارنامہ انجام دیا ہے جو کارپوریشن کی تاریخ میں سنہری حروف سے درج کیا جائے گا، ہم نے سال 2021 میں نئے سال کے کاروبار میں 100 فیصد اضافے کے ساتھ 2021 میں پالیسی ہولڈرز کو ریکارڈ 85.65 بلین روپے بطور بونس ادا کیے ہیں۔ اسی سال میں اسٹیٹ لائف نے 98.3 بلین روپے کے کلیم ادا کیے۔ الحمدللہ کارپوریشن کا لائف فنڈ بڑھتا ہوا 1.37 ٹریلین ہوگیا ہے۔ اس کے علاوہ دیگر تمام شعبوں میں کامیابی کے ساتھ اپنے اہداف کو حاصل کرنے پر آپ سب بھی خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ یہ عظیم الشان کامیابیاں آپ کی انتھک محنت، جذبہ، خدمت اور اپنے ادارے سے محبت کا آئینہ دار ہے۔

دوستو! یہ کنونشن دراصل آپ کے اسی عزم کے اعتراف اور حوصلہ افزائی کی غرض سے منعقد کیا جاتا ہے۔ یہاں ادارے کے چنندہ ستارے یکجا ہوتے ہیں، ان کی یہاں آمد باقی ساتھیوں میں بھی جوش ولولہ پیدا کرتی ہے کہ وہ اپنی کارکردگی کا



لوہا منوا کر کنونشن کے لئے کوالیفائی کریں۔ اسی لئے یہ سالانہ اجتماع کارپوریشن کے کاروبار میں اضافے کے لئے ایک زبردست محرک کی شکل اختیار کرگیا ہے۔ میری یہ خواہش ہے کہ








اس درخشاں روایت کو انشاءاللہ ہمیشہ برقرار رکھا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے گولڈن اینڈومنٹ پالیسی جو کنونشن کے دوران چیئرمین اسٹیٹ لائف نے لانچ کی اس کے اغراض و مقاصد بیان کیے انہوں نے یہ بھی ذکر کیا کہ اس کی سب سے پہلی پالیسی میں نے خود خریدی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ لوگ لوگوں کو اس پالیسی کے بارے میں بتائیں اور زیادہ سے زیادہ اس کو فروخت کریں۔ انہوں نے کہا آپ کی انتھک محنت کے باعث اسٹیٹ لائف آج ملک کا عظیم ترین ادارہ بن چکا ہے۔ میں اس موقع پر اپنے افسران و اسٹاف دوستوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ جو بیمہ داروں کو زیادہ سے زیادہ معاشی تحفظ کی فراہمی کے لئے غور و فکر کرتے ہوئے مختلف منصوبے تشکیل دیتے ہیں۔




میں ایک بار پھر کنونشن کوالیفائی کرنے والے ساتھیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور توقع کرتا ہوں کے نا صرف آپ بلکہ آپ کے وہ ساتھی جو کسی وجہ سے اس کنونشن کو کوالیفائی نہ کر سکے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کرتے ہوئے کامیابی و کامرانی کی عظیم منزلوں سے ہمکنار ہوں گے اور سال 2022 میں اپنے اہداف کو پورا کر کے اگلے کنونشن کے لیے کوالیفائی کریں گے۔

چائے کے وقفے کے بعد کوالیفائرز کے مابین تقریری مقابلہ ہوا بعد ازاں کامیاب بیمہ داروں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس کے بعد کوالیفائرز کے درمیان کوئز کمپٹیشن منعقد ہوا۔

کھانے کے وقفے کے بعد جناب فیصل ممتاز ڈویژنل ہیڈ ایکومیر بل اور ڈویژنل ہیڈ جی ایچ ایس ارشد عراقی نے گولڈن جوبلی پالیسی پر کوالیفائرز کو بریفنگ دی۔ اس دوران کوالیفائرز نے اس کے بارے میں دونوں افراد سے سوال جواب بھی کیے۔

لنچ کے وقفے کے دوران کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے زیر اہتمام ایک پریس بریفنگ کا انتظام کیا گیا تھا جس میں سینیئر صحافیوں، الیکٹرانک میڈیا اور نیوز ایجنسی کے نمائندوں نے اسٹیٹ لائف کی خصوصی دعوت پر بھرپور شرکت کی۔

چیئرمین جناب شعیب جاوید حسین نے میڈیا کے نمائندوں کی آمد کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اپنے خطاب کے دوران اسٹیٹ لائف 2022-2021 کو گولڈن جوبلی کا سال قرار دیا اور کہا یہ کارپوریشن بڑی ریچ سیلری رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کیلیے 2021 ایک تاریخی سال ہے۔ اسٹیٹ لائف نے اپنے خود ہی مقابلہ میں ایک ریکارڈ قائم کیا ہے۔ ہم نے پچھلے سال اپنے پریمیم 100 فیصد انکریز کی ہے۔ ہم نے پچھلے سال تک 100 ملین کے کلیم ادا کیے ہیں۔ انہوں نے کہا اسٹیٹ ڈیجیٹل پورٹل لانچ کرچکی ہے اب آن لائن پیمنٹ اور آن لائن اسٹیٹس بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پچھلے سال تکافل بزنس شروع کیا ہے پریس بریفنگ کے بعد جناب شعیب جاوید حسین نے صحافیوں کے سوالوں کے جواب دیئے بعد ازاں انہوں نے کچھ چینل کو انٹرویو بھی دیئے۔ دوپہر کے کھانے کے بعد شرکار کنونشن کو شیلڈ تقسیم کی گئیں بعد ازاں چیئرمین کے ساتھ زون۔ ریجن وائز گروپ فوٹو ہوئے۔ آخر میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب خالد محمود شاہد نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ کنونشن کا بھرپور انتظام کرنے پر تمام کمیٹیوں کو فرداً فرداً شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا انشاءاللہ اگلے کنونشن میں اس سے زیادہ افراد کوالیفائی کریں گے، کوالیفائرز کو الحمرا ہال میں رات میں ڈرامہ دکھایا گیا، اگلے دن تمام کوالیفائرز کو لاہور کے چیدہ چیدہ مقامات کی سیر کرائی گئی۔ اگلی صبح ناشتے کے بعد تمام مندوبین کنونشن سے واپس روانہ ہونا شروع ہوگئے۔







# اسٹیٹ لائف کنونشن ومنی کنونشن فیز 2 موواینڈ پک ہوٹل کراچی
## کامیاب بیمہ داروں کا شاندار تقریب

گزشتہ دنوں کراچی کے پرآسائش ہوٹل موواینڈ پک میں اسٹیٹ



لائف کنونشن ومنی کنونشن 2022 کا آغاز ہوا۔ جس میں سینٹرل ریجن ،فیصل آباد ریجن اور نارتھ ریجن کے کم وبیش 500 کوالیفائرز نے شرکت کی۔ اسٹیٹ لائف کا یہ کنونشن تہوار کی صورت اختیار کرگیا۔ کنونشن بیمہ کاروں کے درمیان مقابلے کو فروغ دیتا ہے۔اس میں کارپوریشن کی جانب سے سیٹ کیے گئے اہداف دیے جاتے ہیں اور قواعد وضوابط میں رہتے ہوئے کامیابی سے اہداف مکمل کرنے والوں کو انعامات واعزات سے نوازا جاتا ہے۔

کراچی میں منعقدہ کنونشن جو شدید بارش میں منعقد ہوا۔ کوالیفائر کے ارادوں کو کمزور نہ کرسکا۔ اس میں چیئرمین، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، ڈویژنل ہیڈز، جنرل منیجرز، ریجنل چیفس/زونل سربراہان مارکیٹنگ ڈویژن کارپوریٹ کمیونی کیشن ڈپارٹمنٹ ،ہیلتھ ڈویژن ، جی این پی ڈویژن، تکافل ڈویژن ، بنکا انشورنس اور جی ایس/ایف اینڈ کی ٹیموں نے شرکت کرکے اس کو کامیاب بنایا اس کنونشن میں شرکت کرنے والے کوالیفائرز کو مارکیٹنگ ڈویژن نے مورخہ 23 جولائی 2022 کراچی کے موواینڈ پک ہوٹل میں خوش آمدید کہا۔ ہوٹل پہنچنے پر کارپوریٹ کمیونی کیشن کی جانب سے سووینئر ودیگر میٹریل پیش کیا گیا۔

کنونشن ہال کو بڑی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا جگہ جگہ بینرز اور اسٹینڈز مندوبین کی حوصلہ افزائی کیلئے لگائے گئے تھے کنونشن ہال پرکشش لک پیش کررہا تھا۔

24 جولائی بروز اتوار ناشتے سے فارغ ہو کر کنونشن کوالیفائرز ہال پہنچنا شروع ہو گئے ۔ ٹھیک 10 بجے چیئرمین اسٹیٹ لائف شعیب جاوید حسین ہال میں تشریف لے آئے شرکا کنونشن نے زبردست تالیوں میں چیئرمین کا استقبال کیا۔ کنونشن کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ تلاوت کے بعد نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی گئی۔ قومی ترانہ بجایا گیا۔ تمام شرکا نے



کھڑے ہوکر قومی ترانہ سنا۔ اس کے بعد ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب خالد محمود شاہد نے شرکا کنونشن کو کراچی کے اس رم جھم موسم میں خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ میں کنونشن 2022 کے پرمسرت موقع پر اپنے جوان عزم کارکنوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ جیسا کہ آپ تمام لوگ بخوبی جانتے ہیں کہ میرا سارا کیریئر نارتھ اور سینٹرل ریجن میں ہی گزرا ہے اور یہ میرے سارے کوالیفائرز بھی میرے اسی ریجن کے ہیں میں یہاں آپ لوگوں کو یہ بات بھی بتاتا چلوں کہ میں اپنے کیریئر میں لاتعداد کنونشن بطور










ریجنل چیف، زونل سربراہ، زونل چیف دبئی شرکت کرچکا ہوں۔ لیکن یہ پہلا موقع ہے کہ میں بحیثیت ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کنونشن کراچی 2022 کا میزبان ہوں۔

دوستو! آپ لوگوں کو یہ جان کر بہت مسرت ہوگی کہ موجودہ چیئرمین جناب شعیب جاوید حسین بیمہ کاروبار کو ترقی دینے اور آپ کی مراعات کے لیے دن رات سرگرم عمل ہیں۔ آپ کے بہت سے کام جو انتظامیہ کے پاس تھے اب حل ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ انشااللہ آئندہ دنوں میں بھی آپ کے بڑے کام بھی بہت جلد ہوجائیں گے۔ یہ آپ لوگوں کی محنت ومہارت کا نتیجہ ہے کہ آج ملک کے کونے کونے میں بسنے والے لاکھوں افراد بیمہ زندگی کے فوائد سے استفادہ کررہے ہیں اور اسٹیٹ لائف ملک کے لاکھوں لوگوں کو روزگار فراہم کررہی ہے۔

میرے لئے یہ امر انتہائی اطمینان وفخر کا باعث ہے کہ آپ کے شبانہ روز محنت سے کنونشن کے قواعد وضوابط کے مطابق اپنے کاروباری اہداف کو مکمل کرکے اپنی مہارت کو ثابت کردیا ہے۔ آپ اس اعتبار سے بھی ہمارے لیے قابل فخر ہیں کہ لاکھوں افراد کو بچت کی طرف مائل کرتے ہوئے آپ نے انہیں مستقل معاشی منصوبہ بندی کا مشورہ دیا اور ملک کی اقتصادی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے اپنی کارپوریشن کو ترقی و استحکام سے ہمکنار کیا۔ میں آپ کو کراچی میں کنونشن 2022 میں ملک کے سب سے بڑے تجارتی شہر میں خوش آمدید کہتا ہوں دراصل یہ کنونشن اپنے لوگوں کی صلاحیت کا اعتراف ہے۔

میں ایک بار پھر کنونشن کے تمام مندوبین کا تہہ دل شکریہ ادا کرتا ہوں مارکیٹنگ ڈویژن نے آپ کے طعام وقیام کا بہترین انتظام کیا ہے۔



دوستو!

آج آپ سے مخاطب ہوتے ہوئے میرا سر فخر سے بلند ہے کہ آپ نے ادارے کے باقی ساتھیوں کے ساتھ مل کر جو تاریخی کارنامہ انجام دیا ہے اس کی کارپوریشن کی تاریخ میں نظیر نہیں ملتی۔ ہم نے سال 2021 میں نئے سال کے کاروبار میں 100 فیصد اضافے کے ساتھ 2021 میں پالیسی ہولڈرز کو ریکارڈ 85.65 بلین روپے بطور بونس ادا کئے ہیں۔ اسی سال میں اسٹیٹ لائف نے 98.3 بلین روپے کے کلیم ادا کئے۔ الحمدللہ کارپوریشن کا لائف فنڈ بڑھتا ہوا۔ 37. 1 ٹریلین ہوگیا ہے۔ اسٹیٹ لائف نے فروری 2022 میں ڈیجیٹل پورٹل لانچ کیا ہے۔ اس سے بیمہ داروں کو پالیسی خریدنا اور دیگر سروسز آسان ہوجائیں گی۔ کارپوریشن نے لاہور کنونشن کے دوران بیمہ داروں کے لیے گولڈن انڈوومنٹ پلان لانچ کیا ہے۔ اس کی سب سے پہلی پالیسی میں نے خریدی ہے۔ گولڈن انڈوومنٹ 7 سال ادائیگی کی پالیسی ہے جس میں 20 سال تک رسک کور ہے۔ یہ تمام باتیں میں نے لاہور کنونشن میں ایک پریس کانفرنس میں کی تھیں۔ یہ باتیں میں آپ لوگوں کے گوش گزار اس لئے کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کو پالیسی بیچنا آسان ہو اور پالیسی ہولڈرز کا اسٹیٹ لائف سے رشتہ اور مستحکم ہو۔ اس کے علاوہ دیگر

بعدازاں چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب جاوید حسین نے اپنے خطاب میں کنونشن کوالیفائرز کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ میلہ آپ لوگوں کی شاندار کامیابی پر ہی سجایا گیا ہے۔

















## اسٹیٹ لائف کے 50 سال مکمل ہونے پر کراچی کے ہوٹل میں تقریب کا انعقاد

اسٹیٹ لائف کو پچاس سال کے مکمل ہونے پر ایک بھرپور اور پروقار تقریب مقامی ہوٹل کراچی میں منعقد کی گئی۔ اس تقریب کی صدارت جناب رزاق داؤد مشیر تجارت نے کی۔ اس میں خصوصی شرکت سیکریٹری کامرس جناب صالح فاروقی ،چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب جاوید حسین ،ایگزیکٹو ڈائریکٹر، ڈویژنل ہیڈز، زونل ہیڈ، مارکیٹنگ کے چیدہ چیدہ ارکان، 100 سے زائد اداروں کے سربراہان اور کمپنیوں کے اراکین نے شرکت کی۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز اللہ تعالٰی کے بابرکت کلام سے ہوا، بعدازاں قومی ترانہ بجایا گیا، شرکاء نے کھڑے ہوکر قومی ترانہ سنا۔

اس موقع پر سیکریٹری کامرس جناب صالح فاروقی نے اپنے خطاب میں اسٹیٹ لائف کے 50 سال مکمل ہونے پر مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف پچھلے 50 سالوں سے شہر شہر اور گاؤں گاؤں لوگوں کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔ مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ پچھلے ایک سال کے دوران اسٹیٹ لائف نے جو ترقی کی ہے وہ قابل تعریف ہے۔

مشیر تجارت جناب رزاق داؤد نے کہا کہ میں اسٹیٹ لائف کے 50 سال پر چیئرمین جناب شعیب جاوید حسین، اسٹیٹ لائف ٹیم اور تمام پاکستانیوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مجھے یہ اعزاز حاصل ہے کہ میں اسٹیٹ لائف کے 25 سال مکمل ہونے کی تقریب میں بحیثیت مشیر تجارت شریک ہوا تھا۔

مشیر تجارت جناب رزاق داؤد نے کہا کہ اسٹیٹ لائف پاکستان کے ان نامور اداروں میں شامل ہے جو نہ صرف پاکستانیوں کی خدمت کر رہا ہے بلکہ حکومت کے بھی شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ میری یہ دعا ہے کہ چیئرمین شعیب جاوید حسین کی قیادت میں اسٹیٹ لائف آنے والے سالوں میں اپنی پرانی پوزیشن کو برقرار رکھے اور اپنے پالیسی ہولڈرز کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں ان کے دروازے پر پہنچائے۔

جو نہ صرف پاکستانیوں کی خدمت کر رہا ہے بلکہ حکومت کے بھی شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ میری یہ دعا ہے کہ چیئرمین شعیب جاوید حسین کی قیادت میں اسٹیٹ لائف آنے والے سالوں میں اپنی پرانی پوزیشن کو برقرار رکھے اور اپنے پالیسی ہولڈرز کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں ان کے دروازے پر پہنچائے۔

آخر میں چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب جاوید حسین نے آنے والے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اسٹیٹ لائف کے 50 سال مکمل ہونے پر لوگوں کو مبارک باد دی۔ اپنے خطاب کے دوران انہوں نے اسٹیٹ لائف کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا ذکر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اسٹیٹ لائف نے سال 2021 میں کورونا کے چیلنجوں کے باوجود اپنے پالیسی ہولڈر کو ریکارڈ 85.65 بلین روپے کا بونس ادا کیا۔ یہی نہیں سال 2021 میں 98.3 بلین روپے کے ریکارڈ کلیم ادا کیے۔ مجھے بتاتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ اسٹیٹ لائف ملک کی واحد انشورنس کارپوریشن ہے جو AAA ریٹنگ رکھتی ہے۔ اسٹیٹ لائف نے سال 2021 میں اپنے لائف اور ہیلتھ بزنس میں ریکارڈ 130 ملین پاکستانیوں کو سہولتیں فراہم کی ہیں۔ اس موقع پر مشیر تجارت جناب رزاق اے داؤد نے چیئرمین اور سیکریٹری کامرس کے ساتھ مل کر ڈیجیٹل پورٹل اور ایپ کا افتتاح کیا۔ اس سہولت سے آپ کو آپ کے گھر پر ڈیجیٹل انشورنس اور صحت کی کوریج ملے گی۔ بعدازاں چیئرمین اسٹیٹ لائف نے جناب رزاق اے داؤد اور جناب صالح فاروقی کو 50 سال کے سوینیئر پیش کیے، اس کے بعد پرتکلف ظہرانے کا اہتمام تھا۔

(تحفظ رپورٹ)
















# اسٹیٹ لائف میدان عمل میں



زونل ہیڈ لاہور سینٹرل زون میاں رضوان مجید جناب احسن شکیل کو ان کی
پالیسی کی میچورٹی پر 92 لاکھ 80 ہزار کا چیک دیتے ہوئے



زونل سربراہ جناب عبدالرشید عباسی معزز پالیسی ہولڈر جناب ملک اطہر سعید کو بہاولپور کی
تاریخ کا سب سے بڑا میچورٹی کلیم چیک مبلغ 42237000 پیش کر رہے ہیں۔



جناب اے ڈی شاہد زونل سربراہ رحیم یار خان زونل جناب شرافت علی خان ڈی ایس پی بہاولپور
کو ان کی پالیسی کا میچورٹی کا چیک مبلغ 18 لاکھ روپے پیش کر رہے ہیں



زونل سربراہ ملتان زون چوہدری محمد یوسف مختار معزز پالیسی ہولڈر محترم نزاکت علی کو مبلغ 7416292 کا میچورٹی کلیم
چیک پیش کر رہے ہیں۔ تصویر میں مہر فرخ محمود، چوہدری الطاف حسین، جاوید اختر خان اور وقاص اکرام بھی نمایاں ہیں



جناب اے ڈی شاہد زونل سربراہ رحیم یار خان زون جناب محمد اطہر رفیق کو ان کے والد رفیق احمد مرحوم کی بیمہ پالیسی کا
ڈیتھ کلیم کا چیک مبلغ 36 لاکھ روپے دے رہے ہیں اس موقع پر ایریا منیجر لیاقت پور جناب عبدالرزاق بھی نمایاں ہیں۔




زونل ہیڈ KSZ محمد لطیف کیانی سے پی سی کراچی کے ملازم پرویز گل کا ڈیتھ کلیم چیک ان کے
صاحبزادے احسن پرویز گل وصول کر رہے ہیں۔ سینئر سیلز منیجر اسلم پرویز بھی موجود ہیں





# تصویری خبرنامہ




چیئرمین جناب شعیب جاوید حسین کا ریجنل چیف حیدرآباد در محمد بلدی زون
جی ایم مارکیٹنگ عطا اللہ رشید اور زونل ہیڈز کے ساتھ گروپ فوٹو



چیئرمین جناب شعیب جاوید حسین، جناب اشرف بھٹی جنرل منیجر ہیلتھ کو ان کے ریٹائرمنٹ پر قرآن کریم کا
نسخہ پیش کر رہے ہیں ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس جناب منظور شیخ اور از کار خان بھی نمایاں ہیں



چیئرمین جناب شعیب جاوید حسین، جناب محمود عالم ڈویژنل ہیڈ لا کو ان کے ریٹائرمنٹ پر قرآن کریم کا نسخہ
پیش کر رہے ہیں ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس جناب منظور شیخ اور از کار خان بھی نمایاں ہیں



زونل ہیڈ ڈیرہ غازی خان جناب محمد رمضان بھٹی CONTEST
کوالیفائر کو راجن پور سیکٹر میں اعزازی شیلڈ دیتے ہوئے



جناب اشرف بھٹی ڈویژنل ہیڈ ہیلتھ کے ریٹائرمنٹ کے موقع پر اسٹیٹ لائف کے افسران کے ساتھ گروپ فوٹو



جناب صدیق اکبر ریجنل چیف حیدرآباد ماہ ستمبر میں میر پور خاص زون کے ایریا 2525 میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر
کیک کاٹ رہے ہیں، اس موقع پر زونل ہیڈ میر پور خاص جناب سید انیس احمد شاہ اور ایریا منیجر حاکم نمایاں ہیں

## چیئرمین اسٹیٹ لائف شعیب جاوید حسین کا زونل ہیڈز خیبر پختونخواہ ریجن میٹنگ سے خطاب

چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب جاوید حسین نے خیبر پختونخواہ ریجن میں گزشتہ دنوں میں ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ جس میں ریجنل



چیف، ریجنل انچارجز اور تمام زونل سربراہان نے شرکت کی۔ ریجنل چیف خیبر پختونخواہ ریجن جناب چوہدری سرفراز احمد کی قیادت میں یہ میٹنگ منعقد کی گئی۔ میٹنگ کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔



اس موقع پر تمام زونل ہیڈز، ریجنل انچارجز کے ساتھ بھی ایک میٹنگ کی گئی۔

ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب چوہدری سرفراز احمد نے چیئرمین صاحب کو تمام ریجنل انچارجز اور تمام زونل سربراہان کی موجودگی میں خوش آمدید کہا اور پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔ اس موقع پر خطاب کے دوران جناب چوہدری سرفراز احمد صاحب نے کہا کہ ہمارا ریجن پورے کارپوریشن کی سطح پر پہلا نمبر حاصل کرنے میں کامیاب ہوا ہے۔ یہ سب چیئرمین اسٹیٹ لائف کی کامیاب پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ جو آج ہم سب چیئرمین جناب شعیب جاوید حسین کے سامنے سرخرو ہیں۔ خیبر پختونخواہ ریجن کے ایبٹ آباد زون نے ماہانہ کی بنیاد پر پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ اسی طرح پشاور زون سالانہ کی بنیاد پر کارپوریشن لیول پر پہلا پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب ہوا ہے۔ خیبر پختونخواہ ریجن نے جناب چوہدری سرفراز احمد کی سربراہی میں پورے کارپوریشن میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ اسی طرح پشاور زون سالانہ کی بنیاد پر کارپوریشن لیول پر پہلی پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب ہوا ہے۔ خیبر پختونخواہ ریجن نے جناب چوہدری سرفراز احمد کی سربراہی میں پورے کارپوریشن میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ اس موقع پر چیئرمین نے تمام کامیاب شرکا کو گلدستہ پیش کیا۔ اور فرداً فرداً سب کو مبارکباد بھی دی۔ تمام زونل ہیڈز نے اس موقع پر اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین صاحب کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا جب سے آپ نے اسٹیٹ لائف کا چارج سنبھالا ہے تو اسٹیٹ لائف تیزی سے ترقی کی طرف گامزن ہے یہ آپ کی کاوشوں اور محنت کا ثمر ہے کہ اسٹیٹ لائف سال 2021 میں آج اس مقام پر کھڑا ہے۔ زونل ہیڈز نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ چوہدری سرفراز احمد صاحب نے خیبر پختونخواہ ریجن میں چارج سنبھالنے کے بعد تمام زونوں کے دورے کئے یہ ان کی رات دن انتھک محنت کا ہی نتیجہ ہے کہ آج کے پی کا ریجن پورے کارپوریشن میں لیڈنگ پوزیشن پر ہے۔

جناب چوہدری سرفراز احمد نے مزید کہا کہ میں آپ لوگوں کو سلام پیش کرتا ہوں اور ہمیشہ میں یہ کہتا ہوں کہ آپ لوگ جو ایس آر لے آتے ہیں اس کی پوری طرح ٹریننگ کریں جو لوگ آپ کے پاس موجود ہیں اس پر توجہ دیں اور جس نے یہ فیلڈ کا اسٹرکچر بنایا ہے میں اس کو سلام پیش کرتا ہوں۔

اس موقع پر چیئرمین جناب شعیب جاوید حسین نے تمام شرکا کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ کے پی کے ریجن مقابلے کی دوڑ میں آگے ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی اس طرح ریجنوں میں نمایاں مقام حاصل کریں گے، تمام اور آنے والے تمام چیلنجز کا ڈٹ کر



مقابلہ کریں گے۔

تقریب کے اختتام پر ریجنل چیف نے تمام شرکا کا نفرنس، تمام ریجنل انچارج اور سیکریٹریٹ کے اسٹاف کا بھی شکریہ ادا کیا اور شاندار پروگرام



کے انعقاد پر ان کو مبارکباد پیش کی۔

رپورٹ: مختار یوسفزئی
پی ایس ٹو ریجنل چیف خیبر پختونخواہ ریجن پشاور











## زونل ہیڈ و سیکٹر ہیڈ کانفرنس سینٹرل ریجن

گزشتہ روز زونل ہیڈ و سیکٹر ہیڈ کانفرنس کو فلیٹی ہوٹل لاہور میں منعقد ہوئی جس میں چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب جاوید حسین صاحب نے خصوصی شرکت کی۔ اس کانفرنس میں چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب جاوید حسین صاحب نے 2022 میں بزنس کے بارے میں شرکا کو بہترین کارکردگی دکھانے پر زور دیا اور مزید والیم کی سطح پر بہترین پوزیشن حاصل کرنے پر ریجنل چیف سینٹرل جناب خالد محمود شاہد صاحب کو چیئرمین ٹرافی دی۔ اسی طرح زونل ہیڈ سینٹرل جناب میاں رضوان مجید صاحب کو والیم کی بنیاد پر کارپوریشن کی سطح پر نمایاں پوزیشن حاصل کرنے پر پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔

(تحفظ رپورٹ)







## مبارک مبارک

جناب محمد امتیاز علی سپرنٹنڈنٹ کارپوریٹ کمیشن ڈپارٹمنٹ کی صاحبزادی مس علشبہ خان نے انٹرمیڈیٹ میں کراچی بورڈ سے 88 فیصد نمبروں کے ساتھ کامیابی حاصل کی۔
وہ اس سے پہلے میٹرک میں 87 فیصد نمبر لیکر اسٹیٹ لائف سے اسکالرشپ کی حقدار قرار پائی تھیں

محترمہ کرن نسیم اسسٹنٹ منیجر جی ایچ ایس گزشتہ دنوں رشتہ ازواج میں منسلک ہوگئیں

اسسٹنٹ منیجر میڈیکل جناب اکرم صاحب کے دو صاحبزادوں کی شادی گزشتہ دنوں کراچی میں منعقد ہوئی۔

ادارہ تحفظ جناب محمد امتیاز علی کو ان کی صاحبزادی علشبہ خان کی کامیابی، محترمہ امرتا کو بیٹے کی ولادت جناب اکرم صاحب کو دو صاحبزادوں کی شادی محترمہ کرن نسیم کی شادی پر انہیں مبارکباد پیش کرتا ہے

## Strategic partnership signing between UBL and State Life

Mr. Shoaib Javed Hussain, Chairman SLIC, and Mr. Shahzad G. Dada, President and CEO UBL, recently signed an MOU to strengthen their mutual business. This partnership provides cash management services via the bank's branch network and alternate delivery channels including internet payment gateway.

Mr. Shoaib Javed Hussain and Mr. Shahzad G. Dada emphasized that the partnership between the two organizations will help in increasing economic activity in the country. It will also facilitate SLIC's esteemed policyholders through digital solutions and services.







## Signing Ceremony between State Life and Bykea for Ride Protection




Mr. Shoaib Javed Hussain, Chairman of SLIC signed an agreement with Mr. Rafiq Malik, COO of Bykea in collaboration with Alpha Insurance Company to provide accidental death and disability insurance as well as hospitalization cover for Bykea passengers.

This first of its kind agreement shall extend protection benefits to uninsured and non-affording people, extending its outreach to the general population. The other key feature of this agreement is the true digital innovation and access to the common citizen, which marks a paradigm shift from conventional services.






## State Life and Bank of Punjab sign Bancassurance and Bancatakaful agreement

Mr. Shoaib Javed Hussain, Chairman - SLIC, and Mr. Zafar Masud, President and CEO – BOP, have signed Bancassurance and Bancatakaful agreements at the start of State Life's 50th anniversary. This landmark agreement is a first for both organizations in terms of bancatakaful propositions.

Mr. Shoaib Javed Hussain and Mr. Zafar Masud said that the partnership brings together two leading organizations of Pakistan with the shared vision of ensuring the inclusion and protection of the people of Pakistan across all strata of society. The mutual goal is to increase economic activities in the country, and this agreement is just the first step towards a long and strategic partnership.





## State Life Insurance and TCS partner to provide Protection Plans for Riders and Drivers





Mr. Shoaib Javed Hussain, Chairman – SLIC, signed a landmark understanding with Ms. Saira Awan Malik, President - TCS, for Financial Inclusion and Protection Plans for Drivers/Riders, which will enable State Life policy premium collection & sales of insurance products through TCS Express Centers across the country.

This initiative is an important part of the Chairman's broader vision of providing every citizen of the country with the benefits of true social and financial protection. Moreover, TCS has become the first 3PL company in Pakistan to not only take steps towards improving safety for their front-line workers but also to provide their families with financial security in case of death or disability. This is SLIC's first such association with a logistics provider, making TCS the first Pakistani company to enable selling of insurance products at their premises.

Mr. Shoaib Javed Hussain and Ms. Saira Awan Malik both emphasized that this partnership signals the start of a deeper, more strategic collaboration between the two entities, with great benefits for their employees.

# STATE LIFE'S FLOOD RELIEF INITIATIVES

Report by



Kamran Channa
Manager /Incharge P&GS
Hyderabad Zone



State Life extends its support and commitment towards the flood affected people across the districts that encompass the geographic territories of Sindh, Punjab, Baluchistan and KPK provinces. As the prudent decision of the senior corporate management, Flood Relief Medical Camps had been arranged in various districts that fall in the Zonal Office territories of the respective provinces.

By its simple definition Corporate Social Responsibility (CSR) is a corporate commitment towards the society in terms of Social, Environmental, Health, Educational, and Cultural issues that the people and the society at large is faced with in the present social fabric. The aim is to support the society and the Environment.

The sagacious and timely measures taken by the Society-friendly Management of State Life had paved the way for providing medical supplies and health care treatment to a large portion of populace in the flood affected districts. State Life Medical Flood Relief Camps had greatly impacted the people's lives as much of the Medical treatment was meted out to the vulnerable sections of society. State Life brought smiles on the faces, be it the men, women or children who were the flood victims, State Life gave them hope and tried to lessen the miseries of the down trodden people of Sindh, Punjab, Baluchistan and KPK. State Life now has another reason to celebrate its Golden Jubilee Celebrations, as it had kept high standard of CSR. The crown goes to the employee-society-friendly Management and all officers who had keenly participated in the CSR program. State Life greatly looks forward to serve the nation in a meaningful way.









# State Life Insurance partners with JazzCash to Digitize Payment Collection

On 27th September, State Life Insurance, Pakistan's largest life & health insurer, partnered with JazzCash, Pakistan's leading fintech company, to provide premium collection services to State Life customers directly via mobile wallets.

The agreement was signed between Mr. Shoaib Javed Hussain, Chairman State Life & Mr. Murtaza Ali, Chief Operating Officer, JazzCash.






This strategic partnership will enable State Life to provide digitized collection of Premium & Policy Loan to its customers, as well as payment of digital insurance policy, through the JazzCash app. Additionally, State Life plans to launch the State Life mini program within the JazzCash app, which will offer products like Health Insurance, Takaful, Individual life, and Group policies to JazzCash customers.




The partnership also entails setting up a working group to jointly create insurance products catered exclusively to the JazzCash segment.

Speaking at the signing ceremony, Mr. Shoaib Javed Hussain, Chairman State Life Insurance, said, "State Life served the country for the past 50 years to build up a legacy of trust & protection. We are now going to digitize services for policyholders, and engage with JazzCash further to enhance relations with customers, bringing ease of payment by increased security, convenience & digital protection products."

Murtaza Ali, Chief Operating Officer, JazzCash said, "Today's announcement is another step forward in JazzCash's vision of digitizing the payment mode in Pakistan. As the largest mobile wallet in the country, we deem it our principal duty to assist the shift to a cashless economy. This strategic partnership will also allow 16.1 million monthly active JazzCash users to perform digital payments for State Life's services in a more secure and convenient manner."

STATE LIFE 50 YEARS OF SERVICE & TRUST 1972 - 2022

STATE LIFE INSURANCE CORPORATION OF PAKISTAN

# CONTINUOUSLY GROWING CONSISTENTLY DELIVERING

## *PAKISTAN'S LARGEST LIFE & HEALTH INSURER, PROTECTS MORE THAN 150 MILLION PAKISTANIS*

## PAKISTAN'S LARGEST LIFE INSURER

**ONLY AAA RATED INSURER IN PAKISTAN WITH A SOVEREIGN GUARANTEE**

**HIGHEST POLICYHOLDER BONUS DISTRIBUTION AT 97.5% OF SURPLUS**

**HIGHEST CLAIMS PAYOUT TO POLICYHOLDERS**

**MORE THAN 11,000 OFFICES ACROSS PAKISTAN SERVING POLICYHOLDERS**

**FLEXIBLE GROUP & INDIVIDUAL CONVENTIONAL & TAKAFUL LIFE INSURANCE PLANS**

**BANCASSURANCE PLANS AVAILABLE THROUGH 6 MAJOR BANKS**

## PAKISTAN'S LARGEST HEALTH INSURER

**1100+ EMPANELLED HOSPITALS ACROSS PAKISTAN**

**PROVIDING SEHAT SAHULAT SERVICES ACROSS MORE THAN 96 DISTRICTS IN PAKISTAN**

**6000+ DAILY ADMISSIONS ON CASHLESS HOSPITALIZATIONS**

**HEALTH APP**

**FLEXIBLE GROUP AND INDIVIDUAL HEALTH INSURANCE PLANS**

**NOW BUY POLICY ONLINE AT WWW.DIGITAL.STATELIFE.COM.PK**






www.statelife.com.pk www.digital.statelife.com.pk www.statehealth.com.pk

statelifeinsurancecorporation statelifeofficial StateLifeInsur4